SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

سندھ آرڈیننس نمبر III مجریہ 2001
SINDH ORDINANCE NO.III OF 2001

سندھ شہری سرکاری زمین (الاٹمنٹس، منتقلی اور تبادلہ رد) آرڈیننس، 2000
THE SINDH URBAN STATE LAND (CANCELLATION OF ALLOTMENTS, CONVERSIONS AND EXCHANGES) ORDINANCE, 2000

فہرست (CONTENTS)

تمہید (Preamble)
دفعات (Sections)
1. مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement
2. تعریف
Definitions
3. الاٹمنٹس، منتقلی اور تبادلہ رد کرنا
Cancellations of allotments, conversions and exchanges
4. نقصان کا کھاتہ
Assessment of loss
5. الاٹمنٹس، منتقلی اور تبادلے کو مستقل کرنا
Regularization of allotments, conversions and exchanges
6. قواعد
Rules

سندھ آرڈیننس نمبر III مجریہ 2001
SINDH ORDINANCE NO.III OF 2001

سندھ شہری سرکاری زمین (الاٹمنٹس، منتقلی اور تبادلہ رد) آرڈیننس، 2000

THE SINDH URBAN STATE LAND (CANCELLATION OF ALLOTMENTS, CONVERSIONS AND EXCHANGES) ORDINANCE, 2000

تمہید (Preamble)

[3 جنوری 2001]

آرڈیننس جس کے ذریعے کم نرخوں پر قانون کی خلاف ورزی کرتے یا پابندی کے دوران حاصل کی گئی شہری سرکاری زمین یا رہائشی، کمرشل یا صنعتی مقاصد کے لئے منظور شدہ کچھ زمینوں کی الاٹمنٹ، منتقلی یا تبادلہ رد کیا جائے گا۔

جیسا کہ کم نرخوں پر قانون کی خلاف ورزی کرتے یا پابندی کے دوران حاصل کی گئی شہری سرکاری زمین یا رہائشی کمرشل یا صنعتی مقاصد کے لئے منظور شدہ کچھ زمین کی الاٹمنٹ، منتقلی یا تبادلہ رد کرنا ضروری ہوگیا ہے، جو پہلی جنوری 1985 یا اس کے بعد اس سلسلے میں کیا جائے گا۔

اور جیسا کہ صوبائی 14 اکتوبر 1999 والے اعلان کے تحت اور پرووینزل کانسٹیٹوشن آرڈر نمبر 1 کے مطابق معطل ہے؛

اور جیسا کہ سندھ کا گورنر مطمئن ہے کہ موجودہ صورتحال میں فوری قدم اٹھانا ضروری ہے؛

لہذا اب اس لئے مندرجہ بالا اعلان اور پرووینزل کانسٹیٹوشن آرڈر کے ساتھ پڑھیں 1999 کے پرووینزل کانسٹیٹوشن (ترمیم) آرڈر نمبر 9 اور اس سلسلے میں ملے ہوئے تمام اختیارات کو بروئے کار لاتے ہوئے سندھ کا گورنر بخوشی مندرجہ ذیل آرڈیننس کو بنا کر نافذ فرماتا ہے:

مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement

1. (1) اس آرڈیننس کو سندھ شہری سرکاری زمین (الاٹمنٹس، منتقلی اور تبادلہ رد آرڈیننس، 2000) کہا جائے گا۔

تعریف
Definitions

(2) یہ فی الفور نافذ ہوگا اور پہلی جنوری 1985 سے عائد سمجھا جائے گا۔

الاٹمنٹس، منتقلی اور تبادلہ رد کرنا
Cancellations of allotments, conversions and exchanges

2. اس آرڈیننس میں جب تک کچھ مضمون اور مفہوم کے متضاد نہ ہو:

(i) ''الاٹمنٹ'' سے مراد شہری سرکاری زمین جس کی رہائشی، کاروباری یا صنعتی مقاصد کے لئے لیز یا گرانٹ کی گئی ہو؛

(ii) ''کمیٹی'' سے مراد اس آرڈیننس کے تحت مقرر کی گئی کمیٹی؛

نقصان کا کھاتہ
Assessment of loss

(iii) ''منتقلی'' سے مراد شہری سرکاری زمین کی کسی مقصد کے لئے منتقلی سوائے ان مقاصد کے لئے جن کے لئے وہ الات کی گئی ہو؛

(iv) ''تبادلہ'' مطلب شہری سرکاری زمین کی کسی دوسری سرکاری زمین یا دوسری زمین سے تبادلہ؛

(v) ''حکومت'' سے مراد سندھ حکومت؛

(vi) ''بازاری نرخ'' سے مراد شہری سرکاری زمین کی الاٹمنٹ، منتقلی یا تبادلہ کرتے وقت بازاری نرخ؛

الاٹمنٹس، منتقلی اور تبادلے کو مستقل کرنا
Regularization of allotments, conversions and exchanges

3. جب تک کچھ وقتی طور پر نافذ کسی قانون یا کسی معائدے یا فیصلے یا عدالتی حکم کے متضاد نہ ہو۔ لیکن اس آرڈیننس کی گنجائش کے مطابق ہو۔ الاٹمنٹس، منتقلیاں، اور تبادلہ یا حاصل کی گئی شہری سرکاری زمین یا رہائشی کاروباری یا صنعتی مقاصد کے لئے قانون کی خلاف ورزی کرتے بازاری نرخ سے کم قیمت پر یا پابندی کے دوراں دی گئی زمین پہلی جنوری 1985 سے رد ہو جائے گی۔

قواعد
Rules

4.(1) حکومت اس آرڈیننس کے مقاصد حاصل کرنے کے لئے کمیٹی مقرر کر سکتی ہے۔

(2) جہاں کمیٹی ایسی انکوائری کرنے کے بعد جیسا وہ مناسب سمجھے مطمئن ہے کہ شہری سرکاری زمین کی الاٹمنٹس، منتقلیوں یا تبادلے میں حاصل کی گئی ہوں یا رہائشی، کاروباری یا صنعتی مقاصد کے لئے بازاری نرخوں سے کم قیمت پر قانون کی خلاف ورزی کرتے یا پابندی کے دوراں جاری کی گئی ہیں

تو وہ حکومت کو پہنچے ہوئے نقصان کا کھاتہ طے کرے اور متعلقہ فرد سے مخصوص وقت کے دوران ایسی رقم طلب کرے گی۔

5. بازاری نرخوں پر کی گئی الاٹمنٹس، منتقلیوں اور تبادلے یا دفعہ 4 کی ذیلی دفعہ (2) کے تحت طے کی گئی رقم کی ادائیگی پر ہے مستقل کی جائیں گی۔

7. حکومت اس آرڈیننس کے مقاصد حاصل کرنے کے لئے قواعد بنا سکتی ہے۔

نوٹ: آرڈیننس کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا